تبصرۂ کتب

تفسیر ابن کثیر عربی مکمل (چار جلدوں میں) امام اسماعیل بن کثیر الدمشقی (م ۷۷۴ھ)
ناشر: سہیل اکیڈمی شاہ عالم مارکیٹ لاہور ــــ اسلامی ذخیرۂ تفسیر میں امام ابن کثیر کی شہرۂ آفاق تفسیر کسی لمبے چوڑے تعارف کی محتاج نہیں درایت و روایت اور ثقاہت و استناد کے لحاظ سے ہر دور کے علماء و فضلاء امت نے اسے ایک بہترین تفسیر کتاب اللہ قرار دیا ہے۔ کتاب عرب ممالک میں بارہا دفعہ چھپ چکی ہے اب ہمارے ہاں کی سہیل اکیڈمی نے اسے مصری ایڈیشن سے فوٹو لیکر نہایت ہی دلکش انداز میں ایمیٹیشن آرٹ پیپر پر شائع کیا ہے۔ اور قرآن کریم کی طرز پر ہر ہر صفحہ پر پارہ بسورۃ کا نام اور اس کے حساب سے رکوعات کے نمبر بھی لگا دئے ہیں۔ نیز جلد چہارم کے آخر میں پوری کتاب میں آنے والی تقریباً تمام احادیث کا انڈکس بھی دیا گیا ہے۔ اعلیٰ طباعت کے ساتھ جلد بندی نہایت اعلیٰ ذوق کا ثبوت دیا گیا ہے۔ سہیل اکیڈمی نے اس سے قبل مفتاح کنوز السنۃ اور ریاض الصالحین کی طباعت میں بھی اسی عمدہ ذوق کا مظاہرہ کیا ہے۔ اور امام سیوطی کے الاتقان میں بھی۔ طباعت کا یہ ایک عمدہ اور مثالی معیار ہے۔ اور ہم اس پر ناشر کو مبارکباد دیتے ہیں۔ کتاب کی چاروں جلدوں کی عام قیمت تین سو روپے رکھی گئی ہے۔ اور براہ راست طلب کرنے والوں سے ۱۵ فیصد رعایت بھی ہے۔ گو بظاہر یہ قیمت زیادہ لگتی ہے۔ لیکن مارکیٹ کی موجودہ حالت اور پھر کتاب کی ظاہری اور باطنی خوبیوں کی بناء پر درحقیقت نامناسب بھی نہیں ہے۔ خدا کرے سہیل اکیڈمی اسلاف کے شہ پاروں کی اشاعت میں اس معیار کو قائم و دائم رکھے۔

الاتقان فی علوم القرآن مذکورۃ الصدر ادارہ سہیل اکیڈمی کی شائع کردہ امام سیوطی کی مشہور کتاب۔ کتابت، جلد، کاغذ ہر لحاظ سے نہایت نفیس اور عمدہ۔ جلد اول ۲۰۰ دوئم ۲۰۸ صفحات پر مشتمل ہے۔ دونوں جلدیں ایک مجموعہ میں چھپ گئی ہیں۔ علوم قرآن میں الاتقان کی افادیت مسلمات میں سے ہے۔ اور اب پاکستانی شائقین بھی بآسانی یہ کتاب حاصل کر سکیں گے۔ قیمت ۴۵/- روپے ہے۔

الحق میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیں